© rasailojaraid.com



# تبصرے

**جعفر منصور** از مولوی ابوالقاسم صاحب رفیق دلاوری تقطیع خورد ضخامت ۱۵۱ صفحات طباعت و
کتابت بہتر قیمت بے جلد عہ پتہ:۔ اقبال اکاڈمی ظفر منزل تاج پورہ لاہور۔

خلافتِ بنی عباس کا موسس اور پہلا خلیفہ ابوالعباس سفاح تھا جو تقریباً پانچ سال تک حکمرانی کرنے کے بعد وفات پاگیا۔ اس کے بعد اس کا بھائی ابوجعفر منصور خلیفہ ہوا۔ یہ بڑی آن بان اور تزک و احتشام کا فرمانروا تھا۔ سیاسی تدبر کے ساتھ علم و فضل کی دولت سے بھی بہرہ یاب تھا۔ اسی نے بغداد آباد کیا۔ اور سیاسی فتوحات کے ساتھ بہت سے علمی تہذیبی اور تمدنی کارنامے بھی کئے۔ اس اعتبار سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ ابوجعفر منصور ہی سب سے پہلا خلیفہ ہے جس نے خلافتِ بنی عباس کو استحکام بخشا اور اسے عالمِ اسلام کا سب سے بڑا سیاسی اور مذہبی مرکز بنایا۔ ان خوبیوں کے ساتھ اس کا دامن بعض بے گناہوں کے خون اور جبر و تشدد کے دھبوں سے بھی خالی نہیں ہے۔ لائق مولف نے اس کتاب میں شستہ اور پاکیزہ زبان میں اسی خلیفہ کے حالات اور کارنامے مستند حوالوں سے لکھے ہیں اور بعض نازک مواقع پر بھی ان کا قلم جادۂ اعتدال سے نہیں ہٹنے پایا ہے۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** از مولوی محمد ایوب صاحب اصلاحی تقطیع خورد ضخامت ۱۲۸ صفحات
کتابت و طباعت متوسط قیمت عمر پتہ:۔ موتمر المصنفین کوچہ چیلاں بیت السعید دہلی

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوانح طیبہ اور غزوات و اخلاق و مکارم کا تذکرہ بہت ہی اختصار کے ساتھ کیا گیا ہے۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے اور واقعات مستند اور صحیح ہیں۔

© rasailojaraid.com

... از ... سلطان تقطیع خورد ضخامت ۸۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۰/